ادارہ

تمام ممالک کے سفیروں کے نام مولانا سمیع الحق کے دو اہم مراسلے

اقوام متحدہ کی پچاسویں سالگرہ کے موقع پر حضرۃ مولانا سمیع الحق مدظلہ سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل کا تمام اسلامی ممالک کے سفیروں کے نام ایک اہم مراسلہ

محترمی و مکرمی جناب .... زیدہ مجدکم

سلام مسنون !

آنجناب کے علم میں ہے کہ اقوام متحدہ ۲۴ اکتوبر ۱۹۹۵ء کو اپنی یوم تاسیس کے موقع پر پچاسویں سالگرہ گولڈن جوبلی منا رہی ہے ۔

اقوام متحدہ کا اس مدت میں عالم اسلام کے حوالے سے کردار نہایت شرمناک، سفاکانہ اور ظالمانہ رہا ہے ۔ یہ مسلمانوں کے لیے کفن کشوں کا ایک ادارہ بن چکا ہے اور سامراجی، استعماری مقاصد کی تکمیل کی ایجنسی بن کر رہ گئی ہے ۔ اب مسلمانوں کی قبروں اور لاشوں پر ناچ کر جشن منانے کے عمل میں اسلامی ممالک اور دیگر حریت پسند اقوام کی شرکت کسی طرح بھی آزادی، اخلاق، شرافت اور جمہوری قدروں کا مذاق اڑا رہا ہے ۔

پاکستان کے تمام دینی جماعتوں ملی یکجہتی کونسل (ایم ۔ وائی ۔ سی) نے حالیہ اجلاس مظفر آباد آزاد کشمیر میں اس دن کی تقریبات کے بائیکاٹ کی اپیل کی ہے اور میرے ذریعے اپنے جذبات آپ تک پہنچانے کا کہا ہے کہ کوئی بھی اسلامی ملک اس کی تقریبات میں شریک نہ ہو یوم سیاہ کے طور پر اسے منایا جائے اور ہر سطح پر احتجاج کرایا جائے ۔ آپ اپنی حکومتوں اور ملک کے عوامی تنظیموں اور سیاسی گروپوں تک پاکستان کے دینی تنظیموں کے مشترکہ جذبات اور احساسات اور فیصلہ سے آگاہ فرما کر ممنون فرما دیں ۔ اس اجلاس میں پاس کی جانے والی قرارداد کا متن ارسال ہے ۔ ازراہ کرم میرے خط اور قرارداد کے ترجمے سے متعلقہ اداروں اور افراد کو آگاہ فرما دیں ۔ والسلام

سمیع الحق سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل

* اس سلسلہ کی قرارداد نقش آغاز میں شریک اشاعت ہے (ادارہ)

اسرائیل کی غیر ملکی سفارتخانوں کو تل ابیب سے بیت المقدس منتقل کرنے کی مذموم پالیسی پر مولانا سمیع الحق کا تمام ملکوں کے سفیروں کے نام مراسلہ

مکرمی و محترم المقام عالی جناب سفیر محترم ......

آداب ! مزاج شریف !

جیساکہ آپ جانتے ہیں کہ اسرائیل کی تازہ ترین پالیسی کے تحت تمام ممالک کے سفارتخانوں کو تل ابیب سے بیت المقدس منتقل کرنے کے لیے وہاں کے سفارتخانوں پر دباؤ ڈالا جارہا ہے اور اس سلسلے میں مختلف حربے استعمال کیے جارہے ہیں اس طرح نہ صرف یہ کہ مسلمانوں کے مذہبی جذبات سے کھیلا جارہا ہے - اگر آپ نے اس پر فوری توجہ نہ کی اور اسرائیل پر دباؤ نہ ڈالا اور اقوام متحدہ کو توجہ نہ دلائی کہ اسرائیل کو اس مذموم اقدام سے باز رکھے تو تمام عالم اسلام کی ناراضگی مول لینی پڑے گی اور دنیا بھر سے ایک جہنم کدہ بن جائے گی تو اس الاؤ سے شاید کوئی بھی نہ بچ سکے -

لہٰذا آپ خود بھی اور اپنی حکومت کے ذریعہ بھی اقوام متحدہ کو اس حساس مسئلہ پر توجہ دلائیں کہ اسرائیل اقوام متحدہ کی قراردادوں کو ملحوظ رکھے اور ایسا قدم نہ اٹھائے جس سے دنیائے انسانیت ایک بار پھر بدامنی کا شکار ہوجائے - پاکستان کے تمام دینی پارٹیوں کے مشترکہ پلیٹ فارم ملی یکجہتی کونسل کے رہنماؤں کے یہی جذبات ہیں اور میں کونسل کے سیکرٹری جنرل کی حیثیت سے کونسل کے جذبات آپ تک پہنچارہا ہوں - والسلام

(مولانا) سمیع الحق

جنرل سیکریٹری جمعیۃ علماء اسلام پاکستان

قارئین سے گذارش

خط وکتابت کے وقت اپنا خریداری / اعزازی تبادلہ نمبر ضرور لکھیں

ورنہ ادارہ جواب دینے سے معذور ہوگا